نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت کے زیر اہتمام ڈینگی ڈے کا انعقاد، آفیسران وملازمین کی بڑی تعداد میں شرکت

ڈینگی کے خاتمہ کی مہم کو کامیاب بنانے کیلئے اجتماعی کوششیں ضروری ہیں، ماحول، دفاتر، گھروں، پانی کے ذخائر وغیرہ کو صاف رکھیں تاکہ موسم برسات میں ڈینگی مچھر پرورش نہ پا سکے، سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل

لاہور2جولائی2022( ) سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل کی ہدایت پر محکمہ زراعت کے زیر اہتمام ڈینگی ڈے کا انعقاد کیا گیا جس میں ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن سید نوید عالم سمیت محکمہ زراعت جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کے افسران سمیت مختلف ونگز کے ہیڈز و ملازمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔آگاہی سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل نے کہا کہ ڈینگی کے خاتمہ کی مہم کو کامیاب بنانے کیلئے ڈینگی مچھر کی افزائش کی جگہوں کے خاتمہ کیلئے اجتماعی کوششیں ضروری ہیں۔ ماحول، دفاتر، گھروں، پانی کے ذخائر وغیرہ کی صاف رکھیں تاکہ موسم برسات میں ڈینگی مچھر اور وائرس پرورش نہ پاسکے۔انہوں نے کہا کہ تمام شرکاء دوسرے لوگوں تک پیغام پہنچانے میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ اس سیمینار کے اغراض ومقاصد عوام الناس تک پہنچ سکیں۔انہوں نے کہا کہ اپنے ماحول کو حفظان صحت کے مطابق رکھنے سے نہ صرف ڈینگی بلکہ دیگر بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب نے کہا کہ مون سون کا موسم ڈینگی کی افزائش کیلئے انتہائی سازگار ہوتا ہے۔اس دوران تمام سیکشنل ہیڈز اپنے دفاتر، سرکاری رہائشی کالونیوں اور اردگرد مقامات پر اینٹی ڈینگی سرگرمیوں کی مانیٹرنگ کریں اور ہفتہ وار خصوصی صفائی کو معمول بنائیں تاکہ ڈینگی سے تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔اس موقع پر ماہرین نے شرکاء کو ڈینگی مچھر سے متعلق مکمل بریفنگ دی۔انہوں نے اپنے لیکچر میں بتایا کہ ڈینگی مچھر کے انڈوں اور لاروؤں کو ختم کرنے کیلئے فالتو چیزوں کو ضائع کر دیں۔کسی بھی چیز، برتن یا جگہ میں رکا ہوا پانی خشک کریں۔گیلی یا پانی والی جگہوں پر ریت یا مٹی ڈالیں۔ انہوں نے بتایا کہ ڈینگی سے متاثرہ شخص کے جسم اور سر میں درد رہتا ہے وقفہ وقفہ سے بخار بھی رہتا ہے۔شرکاء کو بتایا گیا کہ پرانے ٹائر، بیٹریاں، ریفریجریٹر کے ٹرے، بے آباد جگہوں، ٹوٹے برتنوں، کھانے پینے کی اشیاء کے ریپر اور چھتوں پر موجود دیگر ٹوٹا پھوٹا کاٹھ کباڑ بھی صاف کیا جانا چاہیے کیونکہ یہ بھی ڈینگی کی افزائش میں مددگار ہیں۔انھوں نے بتایا کہ زیادہ دیر تک کھڑا پانی مچھر کی افزائش گاہ بن سکتا ہے۔بعدازاں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل کی زیر قیادت واک کا اہتمام کیا گیا جس کا مقصد انسداد ڈینگی کے اقدامات بارے عوام میں شعور اُجاگر کرنا تھا۔

☆☆☆☆☆